# شادی میں گھوڑی نچوانے کی رسم کا حکم

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

شادی میں گھوڑی نچوانے کی رسم کیسی ہے ؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

"گھوڑی نچانے "کی رسم ، جو عام طور پر شادی کے موقع پر دولہے کو گھوڑے پر سوار کر کے ، ڈھول کی تھاپ پر ناچتے ہوئے دلہن کے گھر لے جانے کی شکل میں ادا کی جاتی ہے ، اس میں ڈھول کی تھاپ پر گھوڑی کو بھی نچوایا جاتا ہے ، اس رسم میں ڈھول باجے ، موسیقی ، ناچ گانا ، فضول خرچی ، اور غیر مرد و عورت کا اختلاط شامل ہوتا ہے ۔ لہٰذا اس رسم کی شرعاً اجازت نہیں ۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا : "لیکونن من أمتی أقوام یستحلون الحر والحریر والمعازف"

ترجمہ : ضرور میری امت میں کچھ قومیں ایسی ہوں گی ، جو زنا اور ریشمی کپڑوں اور باجوں کو حلال ٹھہرالیں گی ۔ (صحیح البخاری ، جلد 7 ، صفحہ 106 ، حدیث : 5590 ، مطبوعہ : مصر)

امام اہل سنت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن ارشاد فرماتے ہیں : "مزامیر حرام ہیں ، صحیح بخاری شریف کی حدیث صحیح میں حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ایک قوم کا ذکر فرمایا : یستحلون الحر والحریر والمعازف زنا اور ریشمی کپڑوں اور باجوں کو حلال سمجھیں گے ۔ اور فرمایا : وہ بندر اور سور ہو جائیں گے ۔ ہدایہ وغیرہ کتب معتمدہ میں تصریح ہے کہ مزامیر حرام ہیں ۔ حضرت سلطان الاولیاء محبوب الٰہی نظام الحق والدین رضی اللہ تعالی عنہ فوائد الفواد شریف میں فرماتے ہیں : مزامیر حرام است ۔ (یعنی گانے بجانے کے آلات حرام ہیں ۔ ت)" (فتاوی رضویہ ، جلد 24 ، صفحہ 138 ، رضا فاؤنڈیشن ، لاہور)

بہار شریعت میں ہے "ستار ، ایک تارہ ، دو تارہ ، ہارمونیم ، چنگ ، طنبورہ بجانا ، اسی طرح دوسرے قسم کے باجے سب ناجائز ہیں ۔" (بہار شریعت ، جلد 3 ، حصہ 16 ، صفحہ 511 ، مکتبۃ المدینہ ، کراچی)

**نوٹ:** شادی بیاہ اور دیگر مواقع پر ہونے والی غیر شرعی رسومات کی معلومات کے لئے حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ الرحمہ کی کتاب "اسلامی زندگی" کا مطالعہ فرمائیں۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا محمد حسان عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-4320

**تاریخ اجراء:** 19 ربیع الآخر 1447ھ/13 اکتوبر 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net